# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

-1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی

کورس: میر و غالب کا خصوصی مطالعہ I (5611) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: ایم اے اُردو

### (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1 تا4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1: میر تقی میر کے سوانح اختصار کے ساتھ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2: کلام میر میں عروض وآہنگ کی کیا اہمیت ہے۔تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر3: میر کے تصورغم کی تشکیل پذیری میں ان کے ذاتی غم وآلام کا کس قدر حصہ ہے؟ بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر4: میر کے تصور حسن پر تفصیلی شذرہ قلم بند کریں۔ (20)

سوال نمبر5: میر کی غزل کے فنی پہلو پر سیر حاصل تبصرہ کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ5: تا9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1: کلام میر کے مطالعے سے ان کے فکری نظام کے جو پہلو سامنے آتے ان کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2: میر تقی میر اور مرزا غالب کے کلام کا موازنہ کرتے ہوئے ثابت کریں کہ غالب نے میر کے اثرات قبول کیے۔

(20)

سوال نمبر3: بطور مثنوی نگار میر تقی میر کے فن پر اظہار خیال کریں۔ (20)

سوال نمبر4: میر شناسی کی روایت میں تذکروں کا قابل قدر حصہ ہے۔ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5: درج ذیل غزل کی اس طرح تشریح کریں کہ تمام فکری وفنی محاسن اجاگر ہوں۔ (20)

الٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا